اللّٰهُمَّ فَقِّهْهُ فِي الدِّيْنِ وَعَلِّمْهُ التَّأْوِيْلَ (مسند أحمد 1/572، الحديث 2397)

# تفسير الجلالين

## مع حاشيته

# أنوار الحرمين



التفسير
للإمامين الهمامين
٨٦٤هـ
جلال الدين المحلي الشافعي
٩١١هـ
وجلال الدين السيوطي الشافعي
رحمهما الله الكافي

والحاشية
من مفتي الدعوة الإسلامية
سماحة الشيخ الحاج
**المفتي محمد فاروق**
بن عبد الرشيد بن نور محمد
القادري الرضوي العطاري المدني
الحنفي المتوفى: ١٤٢٧هـ/٢٠٠٦م

المجلد الأول

(من الجزء الأول الى الجزء الخامس)


المدينة العلمية
شعبة الكتب الدراسية

# تفسیر الجلالین کے نوٹس

: کنز المدارس بورڈ کے 80% نصاب کے مطابق :



| نمبر شمار | عنوانات | صفحہ نمبر |
| --- | --- | --- |
| 01 | خلاصہ | "2" |
| 02 | آسان معنیٰ | "32" |
| 03 | صرفی ونحوی تحقیق | "59" |
| 04 | جلالین میں موجود قراءتیں | "75" |
| 05 | اعتراضِ مُفَسِّر | "80" |



مدرس: استاد محترم علامہ مولانا نعمان مدنی عطاری دامت برکاتہم العالیہ

کاتبین: محمد فضیل، محمد معاذ، عبید اللہ، حمزہ احمد، سید باقر علی

## جامعۃ المدینہ فیضان قطب مدینہ کراچی

# سُورَةُ بقرہ :-

آیت 01 :- الٓمٓ "سورۃ البقرۃ" مدنیۃ مائتان وست او سبع وثمانون آیۃ "الٓمٓ" اللہ اعلم بمرادہ بذالک۔ "ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ فِيْهِ هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ" ②

ترجمہ :- سورہ بقرہ مدنی ہے اس میں 286 یا 287 آیات ہیں الٓمٓ سے اس کی کیا مراد ہے اللہ ہی جاننے والا ہے" وہ یعنی یہ کتاب جسے نبی کریم (صلی اللہ علیہ وسلم) پڑھا کرتے تھے اس میں کوئی ریب یعنی شک نہیں ہے کیونکہ یہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے متقین کے لیے ہدایت ہے اس کا مطلب یہ ہے کہ جو احکام بجا لانے اور نواہی سے بچ کر تقویٰ کی طرف رغبت رکھتے ہیں جہنم سے بچنے کی وجہ سے ان کو متقی کہا گیا ہے"۔

آیت 02 :- الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِالْغَيْبِ وَيُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ③

ترجمہ :- جو لوگ غیب یعنی جو کچھ ان سے پوشیدہ ہے جس طرح دوبارہ زندہ ہونا اور جنت و دوزخ ہے اس کی تصدیق کرتے ہیں اور قیام صلوٰۃ یعنی نماز کو اس کے حقوق کے ساتھ بجا لاتے ہیں اور جو ہم نے انہیں رزق عطا کیا ہے وہ اللہ کی اطاعت میں اس کو خرچ کرتے ہیں -

# قسط نمبر ۱

آیت 03 :- والذین یؤمنون بما انزل الیک وما
انزل من قبلک وبالاخرۃ ھم یوقنون ۝

ترجمہ :- اور جو لوگ جو آپ کی طرف نازل کیا گیا
یعنی قرآن اور جو آپ سے پہلے نازل کیا گیا یعنی
تورات و انجیل اور ان دونوں کے علاوہ سب پر ایمان
لاتے ہیں اور وہ آخرت کو جان کر اس پر یقین
رکھتے ہیں -

آیت 04 :- اولئک علی ھدًی من ربھم واولئک
ھم المفلحون ۝

ترجمہ :- یہی وہ لوگ ہیں جو مذکور اوصاف کے ساتھ
متصف ہیں یہی اپنے رب کی جانب سے ہدایت پر
ہیں اور کامیابی پانے والے بھی یہی ہیں یعنی جنت
کے کامیاب اور دوزخ سے نجات پائیں گے -

آیت 05 :- ان الذین کفروا سواءٌ علیھم ءانذرتھم
ام لم تنذرھم لایؤمنون ۝

ترجمہ :- بیشک جن لوگوں نے کفر کیا ہے جس طرح ابوجہل
اور ابولہب اور ان دونوں کی طرح آپ (صلی اللہ علیہ وسلم)
کا ان کو ڈرسانا برابر ہے خواہ آپ ان کو ڈرائیں یا
نہ ڈرائیں وہ ایمان نہیں لائیں گے کیونکہ اللہ تعالیٰ



CamScanner

کے علم میں ہے پس آپ ان کے ایمان کا طمع نہ کریں
اور انذار وہ ڈرانے کی علامت ہے جو خوف کے سبب
سے ہو۔

آیت 06 :- خَتَمَ اللّٰہُ عَلٰی قُلُوبِہِمۡ وَعَلٰی سَمۡعِہِمۡ ؕ وَعَلٰٓی
اَبۡصَارِہِمۡ غِشَاوَۃٌ ۫ وَّلَہُمۡ عَذَابٌ عَظِیۡمٌ ٪

ترجمہ :- اللہ نے ان کے دلوں میں مُہر لگادی یعنی ان کو
بند کر دیا اور مضبوط کر دیا ہے پس اب ان میں بھلائی
داخل نہ ہو سکے گی اور ان کی سماعتوں یعنی سماعت کی
جگہوں پر مُہر لگادی لہٰذا وہ حق سن کر اس سے فائدہ نہ
اٹھا سکیں گے اور ان کی آنکھوں پر پردہ ہے یعنی ایسا
پردہ جس کے سبب وہ حق کو نہیں دیکھ سکتے اور ان کے لیے
بہت بڑا عذاب یعنی ہمیشہ مضبوط رہنے والا عذاب ہے

آیت 07 :- وَمِنَ النَّاسِ مَنۡ یَّقُوۡلُ اٰمَنَّا بِاللّٰہِ وَبِالۡیَوۡمِ
الۡاٰخِرِ وَمَا ہُمۡ بِمُؤۡمِنِیۡنَ ۘ

ترجمہ :- اور لوگوں میں سے بعض ایسے ہیں جو کہتے ہیں ہم
اللہ پر اور یوم قیامت پر ایمان لائے اور یہ منافقوں کے
بارے میں نازل ہوئی یعنی یوم قیامت کیونکہ وہی آخری
ایام ہے حالانکہ وہ مومن نہیں ہیں۔



CS CamScanner

آیت 08 :- یُخٰدِعُوْنَ اللّٰهَ وَ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا ۚ وَ مَا یَخْدَعُوْنَ اِلَّاۤ اَنْفُسَهُمْ وَ مَا یَشْعُرُوْنَ ؕ

ترجمہ :- وہ اللّٰہ کو اور ایمان والوں کو دھوکہ دینا چاہتے ہیں یعنی جو ان کے باطن میں ہے اس کے خلاف ظاہر کرتے ہوئے تاکہ وہ دنیاوی معاملات میں اپنا دفاع کر سکیں لیکن وہ اپنے آپ کو ہی دھوکہ دے رہے ہیں کیونکہ ان کے دھوکے کا نقصان ان کی جانب لوٹ رہا ہے پس وہ دنیا میں رسوا ہو رہے ہیں کیونکہ اللّٰہ تعالیٰ ان کے باطن کفر اپنے نبی مکرم (صلی اللّٰہ علیہ وسلم) پر مطلع کر دیتا ہے اور آخرت میں ان کو سزا دی جائے گی اور انہیں اس کا شعور نہیں ہے یعنی وہ جانتے ہی نہیں ہیں کہ وہ دھوکا انہیں کے لیے ہے -

آیت 09 :- فِیْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ ۙ فَزَادَهُمُ اللّٰهُ مَرَضًا ۚ وَ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِیْمٌ ۢ ۙ۬ بِمَا كَانُوْا یَكْذِبُوْنَ ؕ

ترجمہ :- ان کے دلوں میں بیماری ہے یعنی شک اور نفاق تو یہ مرض ان دلوں میں بڑھنے والی یعنی ان کو کمزور کرنے والی ہے تو اللّٰہ نے ان کی بیماری کو اور بڑھا دیا اس وجہ سے جس قرآن میں ان کے کفر کو بیان کر دیا ہے اور ان کے لیے درد ناک عذاب یعنی تکلیف والا ہے اس وجہ سے کہ وہ جھوٹ بولتے تھے یُكَذِّبُوْنَ یعنی نبی کریم (صلی اللّٰہ علیہ وسلم)

کی تکذیب کرتے ہیں اور شرارت اور تخفیف کے ساتھ
یعنی ان کے قول آمنّا جھوٹے ہیں۔

آیت نمبر 10 :- و اذا قیل لھم لا تفسدوا فی الارض
قالوا انما نحن مصلحون ⓣ

ترجمہ :- اور جب ان سے کہا جاتا ہے یعنی ان سب
کیلئے کہ زمین میں فساد نہ ڈالو یعنی کفر کی وجہ سے اور
ایمان میں نہ ڈالو تو کہنے لگے کہ ہم تو اصلاح کرنے والے
ہیں اور اس میں ہم کوئی فساد ڈالنے والے نہیں ہیں تو
اللہ تعالیٰ نے اس پر ان کو رد کیا ہے۔

آیت نمبر 11 :- الآ انھم ھم المفسدون ولکن لاّ
یشعرون ⓣ
ترجمہ :- الآ یہ تنبیہ کے لیے ہے کہ خبردار بے شک وہی
فساد کرنے والے ہیں لیکن وہ اس چیز کا شعور نہیں رکھتے

آیت نمبر 13/12 :- و اذا قیل لھم امنوا کما آمن الناس
قالوا انؤمن کما آمن السفھآءُ ⓣ الآ انھم ھم السفھآءُ
ولکن لاّ یعلمون ⓣ

ترجمہ :- اور جب ان سے کہا جائے ایمان لاؤ جیسے اور
لوگ ایمان لائے یعنی جس طرح نبی کریم (صلی اللہ علیہ وسلم)
کے صحابہ کرام (رضی اللہ عنھم) ہیں تو کہتے ہیں کہ کیا

ہم ایمان لے آئیں احمقوں یعنی جاہلوں کی طرح ہم
نہیں کریں گے جس طرح وہ ایمان رکھتے ہیں تو اللہ تعالیٰ
نے ان کا رد کیا کہ خبردار بے وقوف وہی لوگ ہیں
لیکن وہ اپنی بے وقوفی کو جانتے نہیں ہیں۔

آیت نمبر 14 :- واذا لقوا الذین امنوا قالوآ امنا
واذا خلوا الی شیطینهم قالوا انا معکم انما نحن
مستهزءون (14)

ترجمہ : اور جب وہ ایمان والوں سے ملے انہوں نے کہا ہم ایمان
لائے اور جب ان میں سے الگ ہوئے اور اپنے شیطانوں
یعنی سرداروں کی جانب لوٹے تو انہوں نے کہا کہ ہم
دین میں تمہارے ساتھ ہیں ہم تو صرف ان کے سامنے
ایمان ظاہر کر کے ان سے مذاق کرنے والے ہیں -

آیت نمبر 15 :- اللہ یستهزئ بهم ویمدهم فی طغیانهم
یعمهون (15)
ترجمہ :- اللہ ان سے استہزاء فرماتا ہے جیسا کہ
اس کی شان کے لائق ہے ان سے استہزاء بنتا ہے اور
انہیں ڈھیل یعنی مہلت دیتا ہے کہ اپنی سرکشی یعنی
کفر میں حد سے بڑھنے میں بھٹکتے رہیں -

آیت نمبر ۱۶ :- اولٰئک الذین اشترو الضللۃ بالھدٰی فما ربحت تجارتھم وما کانوا مھتدین ⑯

ترجمہ :- یہ لوگ جنہوں نے ہدایت کے بدلے گمراہی خریدی یعنی اس کے ساتھ تبدیل کیا تو ان کا سودا کچھ نفع نہ لایا یعنی انہوں نے اس میں فائدہ حاصل نہ کیا بلکہ انہوں نے نقصان اٹھایا کیونکہ وہ ہمیشہ کیلئے جہنم کو ٹھکانا بنا بیٹھے ہیں اور وہ سودے کی راہ جانتے ہی نہ تھے جو سودہ انہوں نے کرڈالا -

آیت نمبر ۱۷ :- مثلھم کمثل الذی استوقد نارًا فلمّآ اضاءت ما حولہٗ ذھب اللّٰہ بنورھم وترکھم فی ظلمٰت لا یبصرون ⑰

ترجمہ :- ان کی مثال یعنی ان کی منافقت کی صفت ایسے شخص کی مانند ہے جس نے آگ یعنی اندھیرے میں جلائی یعنی اس کو روشن کیا اور جب اس نے اردگرد کو روشن کر دیا تو اس نے دیکھ لیا اور سردی کم ہوگئی اور وہ خوف سے امن میں آگیا تو اللّٰہ نے ان کا نور سلب کرلیا اور انہیں تاریکیوں میں چھوڑ دیا اب وہ کچھ نہیں دیکھتے یعنی اس کے اردگرد میں وہ پریشان حال ہوئے رہتے سے خوف کھاتے پھرتے ہیں پس یہ ایسے ہی ہیں کہ انہوں نے کلمۂ ایمان کا اظہار کیا تو جب وہ مریں گے تو ان کے پاس خوف اور عذاب آجائیگا -

آیت نمبر 18 :- صُمٌّۢ بُكْمٌ عُمْیٌ فَهُمْ لَا یَرْجِعُوْنَ ⑱

ترجمہ :- وہ حق سے بہرے ہیں پس وہ اس کو قبول کرنے کے لیے سن نہیں سکتے گونگے ہیں یعنی بھلائی بولنے سے گونگے ہیں اندھے ہیں یعنی سیدھے راستے کو وہ نہیں دیکھ سکتے پس وہ کسی طرح بھی لوٹ نہیں سکتے سیدھے راستے کی طرف یعنی گمراہی کو چھوڑ کر

آیت نمبر ۱۹ :- اَوْ كَصَیِّبٍ مِّنَ السَّمَآءِ فِیْهِ ظُلُمٰتٌ وَّ رَعْدٌ وَّ بَرْقٌ ۚ یَجْعَلُوْنَ اَصَابِعَهُمْ فِیْۤ اٰذَانِهِمْ مِّنَ الصَّوَاعِقِ حَذَرَ الْمَوْتِ ؕ وَ اللّٰهُ مُحِیْطٌۢ بِالْكٰفِرِیْنَ ⑲

ترجمہ :- یا پھر ان کی مثال اس بارش جیسی ہے یعنی بارش والوں کی طرح اور جو آسمان سے برس رہی ہے جس میں اندھیریاں یعنی سخت اندھیرے ہیں اور گرج یعنی وہ فرشتہ جو اس کام پر معین کیا ہے یا یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس فرشتے کی آواز ہے اور بجلی وہ آواز ہے جس سے وہ بادلوں کو زجر و توبیخ کرتا ہے تو وہ بناتے ہیں یعنی بارش والے اپنی انگلیاں یعنی ان کے پوروں کو اپنے کانوں میں کڑک کے باعث جس کی آواز بہت سخت ہے کہ اس کو سن بھی سکیں اسی طرح ان لوگوں کا حال ہے کہ جب قرآن کو نازل کیا گیا اور اس میں کفر کو تاریکیوں کے مشابہ ذکر کیا گیا کہ وہ اپنے کانوں کو بند کر لیتے ہیں کہ وہ کچھ نہ سن سکیں کہ کہیں وہ ایمان کی جانب مائل نہ ہو جائیں

اور انہوں نے دین کو چھوڑ دیا یعنی ان کی موت کے وقت اور اللہ کافروں کو گھیرے ہوئے ہے یعنی علم اور قدرت سے احاطہ کیے ہوئے ہے جس سے یہ بچ نہیں سکیں گے۔

آیت نمبر 20 :- یکاد البرق یخطف ابصارھم کلما اضآء لھم مشوا فیہ واذا اظلم علیھم قاموا ولو شاء اللہ لذھب بسمعھم وابصارھم ان اللہ علی کل شیء قدیر ⑳

ترجمہ :- یکاد یعنی قریب ہے کہ بجلی ان کی آنکھوں کو اچک لے جائے گی وہ جلدی کے ساتھ اس کو سلب کر لے گی جب اس میں کچھ چمک ہوئی یعنی اس کی روشنی میں چلنے لگے اور جب اندھیرا ہوا کھڑے رہ گئے یعنی رک گئے یہ قرآن میں بیان کردہ دلائل کی وجہ ان کے دلوں میں پیدا ہوتی ہے اور تصدیق ہے اس چیز کی جس کو وہ پسند کرتے ہیں اور ان کو رکنا جس چیز کو وہ ناپسند کرتے ہیں اور اللہ چاہتا تو ان کے کان یعنی جو کچھ ان سے سنتے ہیں اور آنکھیں یعنی جس طرح باطن ہیں ان کو لے جاتا بیشک اللہ ہر شے یعنی جس کو چاہے قادر یعنی مذکورہ چیزوں کو لے جانے پر قدرت رکھتا ہے۔

آیت نمبر ۲۱ :- یٰاَیُّھَا النَّاسُ اعْبُدُوْا رَبَّکُمُ الَّذِیْ خَلَقَکُمْ وَالَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِکُمْ لَعَلَّکُمْ تَتَّقُوْنَ ﴿۲۱﴾

ترجمہ :- اے لوگوں یعنی اہلِ مکہ اپنے پروردگار کی عبادت کرو یعنی اس کی توحید بیان کرو جس نے تم کو یعنی پہلی مرتبہ جب کوئی چیز نہ تھی پیدا کیا اور تم سے پہلے لوگوں کو پیدا کیا تاکہ تم پرہیزگار بن جاؤ یعنی اس کی عبادت کے سبب اس کے عذاب سے بچو -

آیت نمبر ۲۲ :- الَّذِیْ جَعَلَ لَکُمُ الْاَرْضَ فِرَاشًا وَّالسَّمَآءَ بِنَآءً وَّاَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَخْرَجَ بِهٖ [redacted] مِنَ الثَّمَرٰتِ رِزْقًا لَّکُمْ فَلَا تَجْعَلُوْا لِلّٰهِ اَنْدَادًا وَّاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۲۲﴾

ترجمہ :- وہ ذات جس نے بنایا یعنی پیدا کیا تمہارے لیے یعنی زمین کو بچھونا یعنی ایسا بچھونا جو نہ زیادہ سخت اور نہ ہی زیادہ نرم کہ جس پر بیٹھنا ممکن نہ ہو اور آسمان کو عمارت یعنی چھت بنایا اور آسمان سے پانی اتارا تو اس مختلف قسم کے پھل نکالے تمہارے کھانے کے لیے لہٰذا اللہ کے برابر ~~ٹھہرانے~~ والے کو یعنی کسی کو ~~ٹھہر~~ عبادت میں شریک نہ ٹھہراؤ اور تم جانتے ہو کہ وہ خالق ہے جبکہ دوسرے شرکاء کوئی ~~شریک~~ نہیں کرسکتے اور معبود وہی ہوتا ہے تخلیق

جو خالق ہو۔

آیت نمبر 23 :- وَاِنْ كُنْتُمْ فِیْ رَیْبٍ مِّمَّا نَزَّلْنَا عَلٰى عَبْدِنَا فَاْتُوْا بِسُوْرَةٍ مِّنْ مِّثْلِهٖ۪ وَادْعُوْا شُهَدَآءَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِیْنَ ﴿۲۳﴾

ترجمہ :- اور اگر تمہیں اس میں کچھ ریب یعنی شک ہو جو ہم نے اپنے خاص بندے پر اتارا یعنی محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر جو قرآن اتارا بے شک وہ اللہ کی جانب سے ہے تو تم اس جیسی ایک سورت تو لے آؤ یعنی جو منزل کی طرح ہو یعنی اخبار غیب حسن نظم اور بلاغت میں اس کی مثل ہو اور سورت وہ ہوتی ہے جس کا اوّل و آخر ہو کم از کم تین آیات ہوں اپنے سب حمایتوں کو بلا لو یعنی وہ معبود جن کی تم عبادت کرتے ہو اللہ کے سوا یعنی اس کے سوا جو تمہاری مدد کر سکیں اگر تم سچے ہو اس بات میں کہ جو نبی کریم (صلی اللہ علیہ وسلم) نے کہا وہ ان کی اپنی طرف سے ہے تو تم بھی اسی طرح کر کے دکھاؤ پس تم فصحاء عرب ہو لہٰذا اس کی مثل لاؤ جب وہ اس سے عاجز ہو گئے تو اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا :-

فَاِنْ لَّمْ تَفْعَلُوْا وَلَنْ تَفْعَلُوْا فَاتَّقُوا النَّارَ الَّتِیْ وَقُوْدُهَا النَّاسُ وَالْحِجَارَةُ اُعِدَّتْ لِلْكٰفِرِیْنَ ﴿۲۴﴾

آیت نمبر 24 :- فان لم تفعلوا ولن تفعلوا فاتقوا النار
التی وقودها الناس والحجارة ج اعدت للکفرین ۞

ترجمہ :- پس جب تم ایسا نہ کر سکو یعنی جو تمہارا
عجز ذکر کیا گیا ہے اور ہرگز نہ کر سکو گے یعنی ہمیشہ
کیلئے اس اظہار سے عاجز آ کر لو تم اللہ پر ایمان
لاؤ کیونکہ یہ کسی بشر کا کلام نہیں ہے پس آگ سے
بچو جس کا ایندھن آدمی یعنی کفار اور پتھر جیسے ان
کے بت ہیں یعنی سخت حرارت کے ساتھ بھڑکائی جائے
گی جس کا ذکر کیا گیا ہے جبکہ دنیاوی آگ کو لکڑیوں
سے جلائی جاتی ہے اس کی مثل نہ ہوگی بلکہ جو تیار
یعنی بھڑکائی گئی ہے کافروں کیلئے یعنی اس سے ان
کو عذاب دیا جائے گا -

آیت نمبر 25 :- وبشر الذین امنوا وعملوا الصلحت
ان لھم جنت تجری من تحتھا الانھر کلما رزقوا منھا من
ثمرة رزقا قالوا ھذا الذی رزقنا من قبل واتوا
بہ متشابھا ولھم فیھا ازواج مطھرة وھم فیھا خلدون ۞

ترجمہ :- اور آپ (صلی اللہ علیہ وسلم) ان کو خوشخبری
خبر دیں جو ایمان لائے یعنی اللہ کی تصدیق کی اور
اچھے کام یعنی فرائض و نوافل ادا کیے ان کے لیے باغات
یعنی ایسے باغات جن میں درخت اور سکون کی جگہ
ہے جن کے نیچے یعنی ان درختوں اور محلات کے نیچے

نہریں ہیں جن میں پانی جاری ہے اور نہر اس جگہ کو
کہتے ہیں جہاں پانی جاری ہوتا ہے اور جب انہیں ان باغوں
سے کوئی پھل کھانے کے لیے دیا جائے گا تو وہ صورت دیکھ
کر کہیں گے یہ تو وہی رزق ہے جو ہمیں پہلے ملا تھا یعنی
جنت کا پھل مشابہ ہوگا اور ان کے لیے باغوں میں ستھری
بیویاں ہیں یعنی حور وغیرہ سے پاک یعنی حیض اور ہر
نجاست سے پاک ہوں گی اور وہ ان میں ہمیشہ رہیں گے
یعنی ہمیشہ ٹھہریں گے اور وہ فنا نہ ہوں گے اور نہ ہی وہاں
سے نکالے جائیں گے۔

آیت نمبر ۲۶ :- اِنَّ اللّٰہَ لَا یَسْتَحْیٖۤ اَنْ یَّضْرِبَ مَثَلًا مَّا
بَعُوْضَةً فَمَا فَوْقَهَا ؕ فَاَمَّا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا فَیَعْلَمُوْنَ اَنَّهُ الْحَقُّ
مِنْ رَّبِّهِمْ ۚ وَ اَمَّا الَّذِیْنَ كَفَرُوْا فَیَقُوْلُوْنَ مَا ذَاۤ اَرَادَ اللّٰهُ
بِهٰذَا مَثَلًا ۘ یُضِلُّ بِهٖ كَثِیْرًا ۙ وَّ یَهْدِیْ بِهٖ كَثِیْرًا ؕ وَ مَا
یُضِلُّ بِهٖۤ اِلَّا الْفٰسِقِیْنَ ۙ (۲۶)

ترجمہ :- بیشک اللہ اس بات سے استحیاء نہیں فرماتا
کہ کوئی بھی مثل بیان فرمائے یا اس سے اوپر یعنی اس سے
بڑا یعنی اس کے بیان کو ترک نہیں کرتا جو اس میں
حکمت بیان ہوا ہے تو جو لوگ ایمان لائے وہ خوب جانتے
ہیں یعنی اس مثال کے حق ہونے کو جو حق کے ساتھ
اپنے موقع پر واقع ہے کہ یہ مثال ان کے رب کی طرف
سے حق کی نشاندہی ہے اور جنہوں نے کفر اختیار کیا
وہ اسے سن کر یہ کہتے ہیں کہ ایسی تمثیل سے اللہ

کو کیا ارادہ؟ یعنی کہ اس مثال میں کیا فائدہ ہے تو اللہ تعالیٰ نے ان کے جواب میں فرمایا اس طرح اللہ ایک ہی بات سے بہت سے لوگوں کو گمراہ یعنی حق سے دور ان کے کفر کے سبب ٹھہراتا ہے اور بہت سے لوگوں کو ہدایت دیتا ہے یعنی اہلِ ایمان کی تصدیق کی وجہ سے اور اس سے صرف انہیں کو گمراہ میں ڈالتا ہے جو نافرمان ہیں یعنی جو اطاعت سے خارج ہیں -

آیت نمبر ۲۷ :- اَلَّذِیْنَ یَنْقُضُوْنَ عَهْدَ اللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ مِیْثَاقِهٖ ۪ وَ یَقْطَعُوْنَ مَاۤ اَمَرَ اللّٰهُ بِهٖۤ اَنْ یُّوْصَلَ وَ یُفْسِدُوْنَ فِی الْاَرْضِ ؕ اُولٰٓىِٕكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿۲۷﴾

ترجمہ :- وہ لوگ جو عہد کو توڑتے ہیں جو کتابوں میں ان سے محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر ایمان کا عہد لیا گیا پکا ہونے کے بعد یعنی اس کی تاکید کے بعد اور کاٹتے ہیں اس چیز کو جس کے جوڑنے کا اللہ نے حکم دیا ہے یعنی نبی کریم (صلی اللہ علیہ وسلم) پر ایمان اور رحم کے بارے میں اور زمین میں زمین میں فساد پھیلاتے ہیں یعنی گناہوں اور ایمان میں رکاوٹ ڈالنے کے سبب سے وہی یعنی جن کا ذکر ہوا ہے وہ نقصان میں ہیں کیونکہ انہوں نے دائمی آگ میں اپنا ٹھکانا بنایا ہے -

آیت نمبر 28 :- كَيْفَ تَكْفُرُونَ بِاللَّهِ وَكُنتُمْ أَمْوَاتًا فَأَحْيَاكُمْ ثُمَّ يُمِيتُكُمْ ثُمَّ يُحْيِيكُمْ ثُمَّ إِلَيْهِ تُرْجَعُونَ ﴿ط﴾

ترجمہ :- تم کس طرح اللہ کا انکار کرتے ہو یعنی اے اہلِ مکہ، اور حالانکہ تم بے جان تھے یعنی اصلاب میں نطفہ تھے اس نے تمہیں زندگی بخشی یعنی رحموں میں اور دنیا میں روح پھونک کر تم میں جان ڈالی پھر تمہیں موت سے ہمکنار کرے گا یعنی تمہاری مدت ختم ہونے کے وقت اور پھر تمہیں زندہ کرے گا یعنی دوبارہ اٹھائے گا پھر تم اسی کی طرف لوٹائے جاؤ گے یعنی بعث کے بعد لوٹائے جاؤ گے پس وہ تمہارے اعمال کی تم کو جزاء دے گا اور بعث کی دلیل دیتے ہوئے فرمایا کیونکہ انہوں نے اسی کا انکار کیا-

آیت نمبر 29 :- هُوَ الَّذِي خَلَقَ لَكُم مَّا فِي الْأَرْضِ جَمِيعًا ثُمَّ اسْتَوَىٰ إِلَى السَّمَاءِ فَسَوَّاهُنَّ سَبْعَ سَمَاوَاتٍ ط وَهُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ ﴿ط﴾

ترجمہ :- وہی ذات ہے جس نے تمہارے لیے بنایا جو کچھ زمین میں ہے یعنی زمین اور جو کچھ اس میں ہے تاکہ تم اس سے فائدہ حاصل کرو اور تم عبرت پاؤ، پھر برابر کیا یعنی زمین کی تخلیق کے بعد یعنی ارادہ کیا تو ٹھیک سات آسمان بنائے یعنی اس کو بنا دیا جس طرح دوسری آیت میں ہے "فَقَضٰهُنَّ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ" وہ

سے کہہ دیا اپنا سب اجمالی طور پر اور تفصیلی طور پر
ضروری حاصل ہو گیا کہ جس طرح وہ ابتدائی طور
پر تم کو پیدا کرنے پر قادر ہے اور وہ تم سے پہلے
دوبارہ نظیر ہے تو وہ تم کو دوبارہ لوٹائے گا (یعنی
دوبارہ پیدا کرنا اس کے لیے کوئی مشکل نہیں ہے
وہ عمل اس کا آسان ہے)

آیت نمبر 30: وَإِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلَائِكَةِ إِنِّي جَاعِلٌ
فِي الْأَرْضِ خَلِيفَةً ۖ قَالُوا أَتَجْعَلُ فِيهَا مَن يُفْسِدُ
فِيهَا وَيَسْفِكُ الدِّمَاءَ وَنَحْنُ نُسَبِّحُ بِحَمْدِكَ وَنُقَدِّسُ
لَكَ ۖ قَالَ إِنِّي أَعْلَمُ مَا لَا تَعْلَمُونَ ﴿٣٠﴾

ترجمہ: اور یاد کیجیے یا محمد (صلی اللہ علیہ وسلم)
جب آپ کے رب نے فرشتوں سے فرمایا کہ زمین میں
اپنا نائب بنانے والا ہوں یعنی وہ میرے احکام میں
میرا نائب ہوگا اور وہ آدم (علیہ السلام) ہیں انہوں نے
عرض کیا کہ کیا تو زمین میں کسی ایسے شخص کو نائب
بناؤ گے جو اس میں فساد کرے گا یعنی معصیت کے
ساتھ اور قتل کے ذریعے خون ریزی کرے گا جس
طرح جنوں کی اولاد نے کیا جب وہ یہاں دنیا میں
تھے پس جب انہوں نے فساد کیا تو اللہ تعالیٰ نے
ان پر فرشتوں کو بھیجا پس انہوں نے ان کو جزائر
اور پہاڑوں کی جانب نکال بھیجا حالانکہ ہم تیری
حمد کے ساتھ تسبیح کرتے رہتے ہیں اور پاکیزگی

بیان کرتے ہیں یعنی وہ باکی جو تیری شان کے لائق ہے تو اللہ نے فرمایا میں وہ کچھ جانتا ہوں جو تم نہیں جانتے یعنی آدم (علیہ السلام) کی خلافت کو اور ان کی اولاد میں اطاعت و لا معصیت کو جانتا ہے پس ان کے درمیان عدل کا ظہور ہوگا تو انہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ تم سے مکرم مخلوق ہرگز پیدا نہ کرے کیونکہ ان سے پہلے جو ہم نے دیکھا وہ اور کسی نے نہیں دیکھا پس اللہ تعالیٰ نے آدم (علیہ السلام) کو زمین کی مٹی سے پیدا کیا یعنی اس طرح کہ زمین میں سے ہر رنگ کی ایک مٹی لی گئی اور اس کو مختلف پانیوں سے گوندھا اور اس کو برابر کیا اور اس میں روح کو پھونک دیا تو وہ بے جان جماد ہونے کے بعد ایک حساس چیز بن گئی۔

آیت نمبر 31 :- وَعَلَّمَ آدَمَ الْاَسْمَآءَ كُلَّهَا ثُمَّ عَرَضَهُمْ عَلَى الْمَلٰٓئِكَةِ فَقَالَ اَنْۢبِـُٔوْنِىْ بِاَسْمَآءِ هٰٓؤُلَآءِ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۳۱﴾

ترجمہ :- اور اللہ تعالیٰ نے آدم کو تمام اشیاء کے نام سکھائے یعنی ان کا علم آپ کے مبارک دل میں ڈال دیا پھر سب اشیاء یعنی جن کے نام بتائے گئے تو ملائکہ پر پیش کرکے فرمایا تم مجھے بتاؤ ان سب چیزوں کے نام اگر تم سچے ہو تو ان کے نام بتاؤ یعنی میں تم سے زیادہ جاننے والے کو پیدا نہ کروں گا یا تم خلافت کے زیادہ حقدار ہو۔

آیت نمبر 32: قالوا سبحنك لا علم لنا الا ما علمتنا انك انت العليم الحكيم (32)

ترجمہ: وہ بولے پاکی ہے تجھے یعنی تو اعتراض سے پاک ہے ہمیں کچھ علم نہیں مگر جتنا تو نے ہمیں سکھایا اور تو ہی علم و حکمت والا ہے یعنی وہ ذات جس کے علم و حکمت سے کوئی چیز خارج نہیں ہے۔

آیت نمبر 33: قال یادم انبئھم باسمائھم فلما انباھم باسمائھم قال الم اقل لکم انی اعلم غیب السموت والارض واعلم ما تبدون وما کنتم تکتمون

ترجمہ: اللہ نے فرمایا اے آدم تم انہیں ان اشیاء کے ناموں سے آگاہ کرو یعنی جو نام ان چیزوں کے رکھے گئے ہیں اور ان کی حکمتوں کو بیان کردو جن کے لیے ان کو پیدا کیا گیا ہے پس جب آدم (علیہ السلام) نے ان اشیاء کے ناموں سے آگاہ کیا تو اللہ نے فرمایا کیا میں نے تم سے نہیں کہا تھا کہ میں آسمانوں اور زمین کی سب مخفی حقیقتوں کو جانتا ہوں اور وہ بھی جانتا ہوں جو تم ظاہر کرتے ہو یعنی تمہارا یہ قول "أتجعل فیھا" اور جو تم چھپاتے یعنی وہ قول جو تم چھپاتے ہو۔

آیت نمبر 34 :- واذقلنا للملائکۃ اسجدوا لآدم فسجدوا الا ابلیس ابیٰ واستکبر وکان من الکفرین

ترجمہ :- اور یاد کریں جب ہم نے فرشتوں کو حکم دیا کہ آدم کو سجدہ کرو یعنی تعظیم کے ساتھ جھک جاؤ تو سب نے سجدہ کیا سوائے ابلیس کے جو انہیں کے درمیان ہے وہ منکر ہوا یعنی وہ سجدہ کرنے سے رک گیا اور غرور کیا یعنی سجدہ کرنے سے تکبر کیا اور کہنے لگا کہ میں ان سے بہتر ہوں اور کافر ہوگیا یعنی اللہ کے علم سے وہ کافر ہے۔

آیت نمبر 35 :- وقلنا یآدم اسکن انت وزوجک الجنۃ وکلا منھا رغدا حیث شئتما ولا تقربا ھذہ الشجرۃ فتکونا من الظلمین ﴿۳۵﴾

ترجمہ :- اور ہم نے کہا اے آدم تم اور تمہاری بیوی یعنی حواء اور اس جنت میں رہائش رکھو اور تم دونوں اس میں سے جو چاہو جہاں سے چاہو کھانا کھاؤ یعنی اس وسعت کے ساتھ کھاؤ کہ جس میں کوئی ممانعت نہیں ہے مگر اس درخت کے قریب نہ جانا یعنی اس سے نہ کھانا اور وہ گندم اور انگور وغیرہ ہے ورنہ حد سے ~~یعنی~~ بڑھنے والوں یعنی ظالمین میں شامل ہو جاؤ گے۔

آیت نمبر 36 :- فَأَزَلَّهُمَا الشَّيْطَانُ عَنْهَا فَأَخْرَجَهُمَا مِمَّا كَانَا فِيهِ ۖ وَقُلْنَا اهْبِطُوا بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ ۖ وَلَكُمْ فِي الْأَرْضِ مُسْتَقَرٌّ وَمَتَاعٌ إِلَىٰ حِينٍ ﴿٣٦﴾

ترجمہ :- پس شیطان یعنی ابلیس نے ان دونوں
کو اس سے یعنی جنت سے انہیں لغزش دی یعنی ان
دونوں کو لے گیا یعنی جنت سے معزول کردیا اور ان
دونوں سے کہا کہ کیا میں تمہیں خلد کے درخت کو
نشاندہی نہ کروں پس اس نے ان دونوں کیلئے قسم
اٹھائی کہ میں نصیحت کرنے والوں میں سے ہوں
پس ان دونوں نے کھایا اور دونوں کو نکلوا دیا
جہاں وہ رہتے تھے وہاں سے انہیں الگ کردیا یعنی
نعمتوں سے اور ہم نے فرمایا نیچے اترو یعنی زمین کی
طرف یعنی تم دونوں اپنی اولاد کے سمیت جو تمہارے
اندر ہے جہاں تمہارا آپس میں ایک دوسرے کے
دشمن ہونگے یعنی ظلم کی وجہ سے اور تمہیں ایک
وقت تک زمین میں ٹھہرانا یعنی قرار پکڑنا ہے اور
برتنا ہے یعنی اس کے نباتات سے نفع حاصل کرنا
ہے "إلى حين" یعنی تمہاری مدت کے ختم ہونے
وقت تک وہ نفع ہے -

آیت نمبر 37 :- فَتَلَقّٰۤى اٰدَمُ مِنْ رَّبِّهٖ كَلِمٰتٍ فَتَابَ عَلَيْهِ ؕ اِنَّهٗ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ۝

ترجمہ :- پس آدم (علیہ السلام) نے اپنے رب سے چند کلمات سیکھ لیے یعنی ان کو الہام کر دیے یعنی ان کلمات سے آدم (علیہ السلام) نے دعا کی تو پس اللہ نے ان کی توبہ قبول فرمائی بیشک وہی بہت توبہ قبول کرنے والا اپنے بندوں پر مہربان ہے۔

آیت نمبر 38 :- قُلْنَا اهْبِطُوْا مِنْهَا جَمِيْعًا ۚ فَاِمَّا يَاْتِيَنَّكُمْ مِّنِّىْ هُدًى فَمَنْ تَبِعَ هُدَاىَ فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ۝

ترجمہ :- ہم نے فرمایا تم سب جنت سے اتر جاؤ ~~پس~~ پھر اگر تمہارے پاس میری طرف سے کوئی ہدایت آئے یعنی کتاب اور رسول (علیہ السلام) تو جو میری ہدایت کا پیروکار ہوا یعنی جو مجھ پر ایمان لایا اور عمل سے میری اطاعت کی اسے نہ کچھ اندیشہ ہے اور نہ کچھ غم ہے یعنی آخرت میں ان کے لیے خوف و غم نہ ہوگا کہ وہ جنت میں داخل ہوں گے۔

آیت نمبر 39: وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَآ
اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿٣٩﴾

ترجمہ: اور جنہوں نے کفر کیا اور ہماری آیتوں
یعنی کتابوں کو جھٹلایا وہی جہنمی لوگ ہیں وہ ہمیشہ
اس میں رہیں گے یعنی اس میں ہمیشہ اس طرح رہیں
گے کہ وہ کبھی فنا نہ ہوں گے اور نہ اس سے نکالے گے۔

آیت نمبر 40: يٰبَنِىْٓ اِسْرَآءِيْلَ اذْكُرُوْا نِعْمَتِىَ الَّتِىْٓ
اَنْعَمْتُ عَلَيْكُمْ وَاَوْفُوْا بِعَهْدِىْٓ اُوْفِ بِعَهْدِكُمْ
وَاِيَّاىَ فَارْهَبُوْنِ ﴿٤٠﴾

ترجمہ: اے یعقوب (علیہ السلام) کی اولاد یاد کرو
میرا وہ احسان جو میں نے تم پر کیا یعنی تمہارے
آباؤ اجداد پر کہ ان کو فرعون سے نجات دلائی
اور سمندر کو پھاڑ دیا اور بادلوں کا سایہ کیا وغیرہ
کہ تم میری اطاعت کے ساتھ شکر ادا کرو اور
میرا عہد پورا کرو جو میں نے تم سے حضرت محمد
(صلی اللہ علیہ وسلم) پر ایمان لانے کا لیا ہے میں تمہارا
عہد پورا کروں گا یعنی جو میں نے تم سے ثواب کا
یعنی دخول جنت کا وعدہ کیا ہے اور خاص
میرا ہی ڈر رکھو یعنی وعدہ کو پورا کرنے میں صرف مجھ
سے ڈرو جیسا میرے سوا کسی سے ڈرنے کی ضرورت
نہیں ہے۔

آیت نمبر 41 :- وَاٰمِنُوا بِمَآ اَنْزَلْتُ مُصَدِّقًا لِّمَا مَعَكُمْ وَلَا تَكُوْنُوْٓا اَوَّلَ كَافِرٍ بِهٖ وَلَا تَشْتَرُوْا بِاٰيٰتِىْ ثَمَنًا قَلِيْلًا وَّاِيَّاىَ فَاتَّقُوْنِ ۝

ترجمہ :- اور ایمان لاؤ اس پر جو میں نے اتارا یعنی قرآن سے جو اس کی تصدیق کرتا ہوا تمہارے ساتھ ہے یعنی جو تورات میں اس کے موافق توحید و نبوت کا بیان ہے اور سب سے پہلے اس کے منکر نہ بنو یعنی یعنی اہل کتاب میں سے جو بعد والے تمہاری اتباع کریں ان کے گناہ بھی تم پر ہوں گے اور میری آیتوں کے بدلے تھوڑے دام نہ لو یعنی ان کو نہ بدلو میری آیات جو نبی کریم (صلی اللہ علیہ وسلم) کی تعریف میں تمہاری کتابوں میں ہیں تھوڑی یعنی جو دنیا میں بھی معمولی ہیں یعنی معمولی چیزوں کے نہ ملنے کے خوف جو تم ~~لیا~~ کمزوں سے وصول کرتے ہو اور مجھ سے ڈرا ان احکام میں صرف مجھ سے ڈرو -

آیت نمبر 42 :- وَلَا تَلْبِسُوا الْحَقَّ بِالْبَاطِلِ وَتَكْتُمُوا الْحَقَّ وَاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۝

ترجمہ :- اور حق کو باطل کے ساتھ نہ ملاؤ یعنی ملبس نہ کرو وہ حق جو تم پر نازل کیا گیا ہے اس باطل کے ساتھ جو تم افتراء باندھتے ہو اور سچی بات کو جان بوجھ کر نہ چھپاؤ یعنی نبی کریم (صلی اللہ علیہ وسلم) کی نعت مبارک کو حالانکہ تم اس کے برحق ہونے کو جانتے ہو -

آیت نمبر 43 :- وَاَقِیْمُوا الصَّلٰوۃَ وَاٰتُوا الزَّکٰوۃَ وَارْکَعُوْا مَعَ الرّٰکِعِیْنَ ﴿۴۳﴾

ترجمہ :- اور نماز قائم کرو اور زکوٰۃ دو اور رکوع کرنے والوں کے ساتھ رکوع کرو یعنی تم حضرت محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اور ان کے اصحاب کے ساتھ نماز پڑھو اور یہ ان علماء کے بارے میں حکم نازل ہوا اور وہ اپنے قریبی مسلمانوں سے کہا کرتے تھے کہ تم دین محمدی (صلی اللہ علیہ وسلم) پر ثابت قدم رہو کیونکہ وہی حق ہے۔

آیت نمبر 44 :- اَتَاْمُرُوْنَ النَّاسَ بِالْبِرِّ وَتَنْسَوْنَ اَنْفُسَكُمْ وَاَنْتُمْ تَتْلُوْنَ الْكِتٰبَ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿۴۴﴾

ترجمہ :- کیا تم دوسرے لوگوں کو نیکی یعنی نبی کریم (صلی اللہ علیہ وسلم) پر ایمان لانے کا حکم دیتے اور اپنے آپ کو بھول جاتے ہو یعنی خود کو بھول جاتے ہو حالانکہ تم کتاب یعنی تورات بھی پڑھتے ہو اور اس میں قول و عمل کی مخالفت پر وعید ہے تو کیا تم عقل نہیں رکھتے ؟ یعنی تمہارا عمل کرنا ہے۔

آیت نمبر 45:- وَاسْتَعِیْنُوْا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوةِ ؕ وَاِنَّهَا لَكَبِیْرَةٌ اِلَّا عَلَى الْخٰشِعِیْنَ ۝ط

ترجمہ:- اور مدد چاہو یعنی اپنے معاملات میں مدد طلب کرو صبر سے اور روزہ نفس کو روکنا ہے جس کو وہ پسند کرے اور نماز کو اس کی عظمت کے پیش نظر ذکر کیا ہے اور حدیث میں ہے آپ (صلی اللہ علیہ وسلم) کو جب کوئی پریشانی لاحق ہوتی تو آپ (صلی اللہ علیہ وسلم) نماز کی طرف سبقت لے جاتے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ یہ خطاب یہود کو ہے کیونکہ ان کو حرص نے ایمان سے روک رکھا تھا اور نفسانی خواہشات نے روک رکھا تھا تو ان کو صبر کا حکم دیا گیا اور وہ روزہ ہے جو شہوات کو توڑنے والا ہے اور نماز کا حکم دیا کیونکہ وہ خشوع بخشنے والی ہے اور تکبر کی نفی کرتی ہے اور بیشک نماز ضرور بھاری یعنی ثقیل ہے مگر ان پر نہیں جو دل سے ~~اللہ~~ میری طرف جھکتے ہیں یعنی جو اطاعت میں رہنے والے ہیں۔

آیت نمبر 46:- الَّذِیْنَ یَظُنُّوْنَ اَنَّهُمْ مُّلٰقُوْا رَبِّهِمْ وَاَنَّهُمْ اِلَیْهِ رٰجِعُوْنَ ۝ط

ترجمہ:- وہ لوگ جو یقین رکھتے ہیں کہ وہ دوبارہ زندہ ہو کر اپنے رب سے ملاقات کرنے والے ہیں اور وہ اسی کی طرف لوٹ کر جانے والے ہیں یعنی آخرت میں ان کو جزاء دی جائے گی۔

آیت نمبر 47:- یٰبَنِیۡۤ اِسۡرَآءِیۡلَ اذۡکُرُوۡا نِعۡمَتِیَ الَّتِیۡۤ اَنۡعَمۡتُ عَلَیۡکُمۡ وَ اَنِّیۡ فَضَّلۡتُکُمۡ عَلَی الۡعٰلَمِیۡنَ ۝

ترجمہ:- اے اولادِ یعقوب یاد کرو میرا وہ احسان جو میں نے تم پر کیا یعنی تم میری اطاعت کے ساتھ شکر ادا کرو اور میں نے تم کو فضیلت دی یعنی تمہارے آباء کو سارے زمانے پر یعنی دنیا کے زمانوں پر فضیلت دی ہے

آیت نمبر 48:- وَ اتَّقُوۡا یَوۡمًا لَّا تَجۡزِیۡ نَفۡسٌ عَنۡ نَّفۡسٍ شَیۡـًٔا وَّ لَا یُقۡبَلُ مِنۡہَا شَفَاعَۃٌ وَّ لَا یُؤۡخَذُ مِنۡہَا عَدۡلٌ وَّ لَا ہُمۡ یُنۡصَرُوۡنَ ۝

ترجمہ:- اور اس دن سے ڈرو یعنی قیامت کے دن سے جس دن کوئی جان کسی دوسرے کی طرف سے بدلہ نہ دے سکے گی یعنی کسی جان کی کسی جان کی طرف سے کوئی جزاء نہ ہوگی اور نہ اس کی طرف سے کوئی سفارش قبول کی جائے گی جب اجازت حاصل نہ ہو اور یعنی ہمارے لیے نہیں ہوگا کوئی شفاعت کرنے والا اور نہ اس کی طرف سے کوئی معاوضہ قبول کیا جائے گا اور نہ ان کی مدد کی جائے گی یعنی جو اللہ کے عذاب سے بچائے

آیت نمبر 49:- وَاِذْ نَجَّیْنٰكُمْ مِّنْ اٰلِ فِرْعَوْنَ
یَسُوْمُوْنَكُمْ سُوْٓءَ الْعَذَابِ یُذَبِّحُوْنَ اَبْنَآءَكُمْ
وَیَسْتَحْیُوْنَ نِسَآءَكُمْ وَفِیْ ذٰلِكُمْ بَلَآءٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ
عَظِیْمٌ ﴿۴۹﴾

ترجمہ:- اور وہ وقت بھی یاد کرو جب ہم نے تمہیں یعنی آباء کو اور خطاب ان کو اور ان کے بعد یہود کو جو نبی کریم (صلی اللہ علیہ وسلم) کے زمانے میں تھے ان کو وہ انعامات یاد کرائے جارہے ہیں جو ان کے باپ دادا کو اللہ نے دیے تھے تاکہ وہ ایمان لائیں قوم فرعون سے نجات بخشی جو تمہیں انتہائی سخت عذاب دیتے تھے اور تمہارے بیٹوں کو ذبح کرتے یہ ما قبل کا بیان ہے کہ تمہارے بعد یعنی پیدا ہونے والے اور تمہاری بیٹیوں کو زندہ رکھتے تھے یعنی تمہاری عورتوں کو زندہ رہنے دیتے محض کاہنوں کے کہنے کی وجہ سے تیرے ملک میں بنی اسرائیل سے ایک لڑکا پیدا ہوگا جو تیری بادشاہت کے زوال کا سبب ہوگا اور اس میں تمہارے پروردگار کی طرف سے عذاب نجات یا بڑی آزمائش تھی یا انعام ہے جو تمہارے رب کی جانب سے عظیم ہے۔

آیت نمبر 50 :- واذ فرقنا بکم البحر فانجینٰکم وا غرقنا آل فرعون وانتم تنظرون ⓣ

ترجمہ :- اور تم یاد کرو جب ہم نے تمہارے لیے جدا کیا یعنی دریا پھاڑ دیا یعنی تمہارے لیے حتیٰ کہ تم دشمن سے بھاگے ہوئے اس میں داخل ہوئے تو تمہیں ڈوبنے سے بچالیا اور فرعونیوں کو فرعون کے ساتھ غرق کیا اور تم ان پر دریا کامل جانا دیکھ رہے تھے -

آیت نمبر 51 :- واذ وٰعدنا موسیٰ اربعین لیلۃ ثم اتخذتم العجل من بعدہ وانتم ظٰلمون ⓣ

ترجمہ :- اور جب ہم نے موسیٰ سے چالیس رات کا وعدہ فرمایا یعنی مدت پوری ہونے کے وقت ہم توراۃ دیں تاکہ وہ تم کو سکھائیں پھر اس پیچھے تم نے بچھڑے کی پوجا شروع کر دی جو تمہارے لیے سامری نے معبود بنادیا اس کے بعد یعنی ہماری میعاد کی جانب جانے کے بعد اور تم ظالم تھے کیونکہ معبود بنالیا کیونکہ تم نے عبادت کو غیر کے محل میں رکھ دیا -

قوم تم نے بچھڑا بنا کر اپنی جانوں پر ظلم کیا تو اپنے
پیدا کرنے والے کی طرف رجوع لاؤ یعنی تم اپنے
خالق کی عبادت سے توبہ کرو تو آپس میں ایک
دوسرے کو قتل کردو تاکہ تم جرم سے بری ہو جاؤ یہ
تمہارے خالق کی بارگاہ میں بہتر ہے پس اس نے ان
کو عمل کی توفیق دی اور ان پر سیاہ بادل بھیج دیا
تاکہ وہ ایک دوسرے کو دیکھ نہ سکیں کہ کہیں قتل کرنے
سے رحم نہ کریں اس طرح 70 ہزار قتل ہوئے تو اس
نے تمہاری توبہ قبول کی بیشک وہی بہت توبہ
قبول کرنے والا اور مہربان ہے۔

آیت نمبر 55:- وَإِذْ قُلْتُمْ يَٰمُوسَىٰ لَن نُّؤْمِنَ
لَكَ حَتَّىٰ نَرَى ٱللَّهَ جَهْرَةً فَأَخَذَتْكُمُ ٱلصَّٰعِقَةُ
وَأَنتُمْ تَنظُرُونَ ﴿٥٥﴾

ترجمہ:- اور جب تم موسیٰ (علیہ السلام) کے ساتھ بچھڑے
کی عبادت کے عذر خواہی کے لیے نکلے اور اللہ
کا کلام سنا تو کہا اے موسیٰ ہم ہرگز تمہارا یقین نہ
لائیں گے جب تک اعلانیہ اللہ کو نہ دیکھ لیں تو تم
پر آسمان سے بجلی کڑکی جس سے تم مر گئے اور
تم دیکھ رہے تھے جو کچھ تمہارے ساتھ ہو رہا۔

آیت نمبر 52 :- ثُمَّ عَفَوْنَا عَنْكُمْ مِّنْ بَعْدِ ذٰلِكَ
لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ۝

ترجمہ :- پھر اس کے بعد ہم نے تمہیں معافی دی
یعنی تمہارے گناہوں کو مٹا دیا یعنی معبود بنانے
کے بعد کہ کہیں تم احسان مانو یعنی جو تمہاری
نعمتیں تم پر ہیں -

آیت نمبر 53 :- وَاِذْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ وَالْفُرْقَانَ
لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ۝

ترجمہ :- اور جب ہم نے موسیٰ (علیہ السلام) کو کتاب
یعنی توراۃ اور حق اور باطل میں فرق کرنے یعنی حق و باطل
کے درمیان اور حلال و حرام کے درمیان فرق کرنے والی
دلیل عطا کی تاکہ تم ہدایت پاؤ یعنی گمراہی سے
ہدایت پا جاؤ -

آیت نمبر 54 :- وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ يٰقَوْمِ اِنَّكُمْ
ظَلَمْتُمْ اَنْفُسَكُمْ بِاتِّخَاذِكُمُ الْعِجْلَ فَتُوْبُوْٓا اِلٰى
بَارِئِكُمْ فَاقْتُلُوْٓا اَنْفُسَكُمْ ؕ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ عِنْدَ بَارِئِكُمْ
فَتَابَ عَلَيْكُمْ ؕ اِنَّهٗ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ۝

ترجمہ :- اور جب موسیٰ نے اپنی قوم سے کہا یعنی
جنہوں نے بچھڑے کو معبود بنالیا کہ اے میرے

صفحہ ۱

# تفسیر جلالین میں موجود قرآنی الفاظ کے آسان

1) ذٰلِكَ الْكِتَابُ : أَيْ هٰذَا. (قرآن کی تعظیم کے لیے.)

2) لَا رَيْبَ فِيْهِ : أَيْ شَكٌّ (یعنی کوئی شک نہیں اس میں.)

3) اَلَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ : يُصَدِّقُوْنَ (یعنی وہ لوگ جنہوں نے ایمان کی تصدیق کی)

4) وَيُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ : أَيْ يَأْتُوْنَ بِهَا بِحُقُوْقِهَا (وہ لوگ جو نماز کو ادا کرتے ہیں یعنی نماز کو اسکے حقوق کے ساتھ بجالاتے ہیں)۔

5) وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ : أَعْطَيْنٰهُمْ (اور جو ہم نے انکو رزق دیا یعنی عطا کیا)۔

6) وَمَا أُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ : أَيْ التوراة والانجيل و غيرهما
(اور جو نازل کیا تم سے پچھلوں پر یعنی توراہ انجیل اور ان دونوں کے علاوہ.

7) وَالَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِمَا أُنْزِلَ إِلَيْكَ : أَيْ الْقُرْآنُ :
(اور وہ لوگ جو ایمان لائے تو نازل کیا انکی طرف یعنی قرآن)

8) وَبِالْآخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ : يَعْلَمُوْنَ
(اور وہ آخرت پر یقین رکھتے ہیں یعنی اسکا علم رکھتے ہیں)

عَلٰى هُدًى مِّنْ رَّبِّهِمْ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ : الفائزون بالجنة الناجون من النار :

اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا : كـ أبي جهل وابي لهب ونحوهما :
بیشک وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا جیسے ابو جہل اور ابو لہب اور ان دونوں کی مثل اور لوگ ۔

وَعَلٰى سَمْعِهِمْ : أي مواضعه
(اور انکے سننے پر یعنی سننے کی جگہ پر)

وَعَلٰى اَبْصَارِهِمْ غِشَاوَةٌ : غطاء

فی قلوبهم مرض : أي شك ونفاق

انکے دلوں میں مرض ہے یعنی شک اور نفاق ہے۔

قالوا انؤمن كما آمن السفهاء : أي الجهال
انہوں نے کہا ہم ایمان لائے جیسے بیوقوف ایمان لائے یعنی جاہل ۔

ولهم عذاب اليم : أي مؤلم
اور انکے لیے دردناک عذاب ہے یعنی درد دینے والا ۔

إِلَىٰ شَيَاطِينِهِمْ : رؤسائهم

اَللّٰهُ يَسْتَهْزِئُ بِهِمْ : أي يُجَازِيهِمْ بِاسْتِهْزَائِهِمْ

اللہ تعالیٰ ان سے استہزاء فرماتا ہے یعنی جزائے استہزاء فرماتا ہے۔

وَيَمُدُّهُمْ : أي يمهلهم

يعمهون : يترددون تحيرا حال

اولئك الذين اشتروا الضللة بالهدى : أي استبدلوها به

نارا : في ظلمة

فلما اضاءت : أنارت

صم : عن الحق فلا يسمعونه سماع قبول
بہرے ہیں حق کو سننے سے یعنی قبولیت کی بات کو نہیں سنتے۔

بکم : خرس عن الخیر فلا یقولونه

گونگے ہیں یعنی بھلائی کی بات سے گونگے ہیں کہ وہ نہیں کہتے۔

عمی : عن طریق الھدی فلا یرونه
اندھے ہیں یعنی ہدایت کے راستے سے دور ہیں کہ اس کو نہیں دیکھتے۔

ینزل من السماء : أي السحاب
آسمان سے پانی نازل ہوتا ہے یعنی بادل سے۔

ظلمت : متکاثفة

وبرق : لمعان سوطه الذی یزجره به
اور چمک ہوتی ہیں یعنی وہ اس فرشتے کے کوڑے کی چمک ہوتی ہے
جسکو وہ مارتا ہے۔

و یجعلون : أي اصحاب الصیب

اصابعهم: أي انا ملها

حذر: خوف

يكاد: يقرب

كلما اضاء لهم مشوافيه: أي فی ضوته

ولو شاء الله لذهب بسمعهم: بمعنى أسماعهم

ان الله على كل شىء: شاء ہ

يايها الناس: أي اهل مكة
اے لوگوں یعنی اہلِ مکۃ

الذی جعل : أي خلق

جس نے بنایا یعنی پیدا کیا۔

والسماء بناءً : أي سقفا

اور آسمان کو چھت بنایا

وإن كنتم في ريب : أي شك

النار التي وقودها الناس : الكفار ؛ والحجارة : كاصنامهم منها

وہ آگ جس کا ایندھن آدمی یعنی کفار ہونگے اور پتھر جیسے انکے بت

أعدت : هيئت

وبشر الذين آمنو : أخبر

اور خوشخبری سناؤ انکو جو ایمان لائے یعنی خبر دو۔

رزقنا من قبل والثوابه : أي جيئ بالرزق

ولهم فيها ازواج : من الحور وغيرها

اور انکے لیے جنت میں ازواج ہونگی یعنی حوریں اور انکے علاوہ -

وهم فيها خلدون : أي ماكثون فيه أبدًا

اور وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے
